## میاں نوازشریف اورعمران خان امریکی سفیر کیمرون منٹر کے انکشاف کی فی الفور وضاحت کریں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق

## میاں نوازشریف اورعمران خان عوام کو بتائیں کہ امریکہ کے بارے میں انکی بیان کردہ باتیں سچی ہیں یا انکے بارے میں امریکی سفیر کیمرون منٹر کی بیان کردہ بات درست ہے؟ محمد اشفاق

لندن۔۔۔11 جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق نے امریکی سفیر کیمرون منٹر کے حالیہ انٹرویو میں کئے گئے اس انکشاف پر کہ مسلم لیگ کے سربراہ میاں نوازشریف اورتحریک انصاف کے سربراہ عمران خان دونوں نے انہیں یقین دلایا ہے کہ وہ امریکہ کے حامی ہیں، تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ میاں نوازشریف اورعمران خان کو چاہیے کہ وہ اس معاملے کی فی الفور وضاحت کریں۔اپنے بیان میں محمد اشفاق نے کہا کہ ہمارے سیاسی رہنما سادہ لوح عوام کے جذبات سے کھیلنے کیلئے تو بہت سی باتیں کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے حقائق اس کے قطعی برخلاف ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میاں نوازشریف اور عمران خان کو چاہیے کہ وہ عوام کو بتائیں کہ امریکہ کے بارے میں ان کی بیان کردہ باتیں سچی ہیں یا ان کے بارے میں امریکی سفیر کیمرون منٹر کی بیان کردہ بات درست ہے؟

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت زون کی تنظیم نو کا اعلان کردیا

## کارکنان کا یہ اژدہام جناب الطاف حسین کے نظریہ فکروفلسفہ کی سچائی کا منہ بولتا ثبوت ہے، شاہد لطیف

گلگت زون:۔۔۔11 جولائی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت زون کی تنظیم نو کا اعلان کردیا ہے یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج ارشد سبیل، گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیر اورسینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن راجہ اعظم اورارا کین صوبائی تنظیمی کمیٹی حسین شاہ، ملک تنویر اورکارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے۔تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد لطیف نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام گلگت میں بہت تیزی سے پھیل رہا ہے اور آج کارکنان کا یہ اژدہام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ فکروفلسفہ کی سچائی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی مقبول ترین جماعت ہے جس میں کارکن کو بڑی اہم حیثیت حاصل ہوتی ہے کیونکہ کارکن ہی دراصل تحریک کے نظریات کا ترجمان ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام ذمہ داران وکارکنان کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ قائد تحریک کے پیغام کو عوام تک پہنچائیں اور ملک میں رائج فرسودہ اورکھوکھلے نظام کے خاتمے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں اورتحریک کی تعلیمات پر مکمل طور پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ملک میں پرامن انقلاب کی راہ ہموار کریں تاکہ ملک میں بسنے والے غریب اورمتوسط طبقہ کے عوام کو بلاتفریق رنگ ونسل ومذہب یکساں حقوق حاصل ہوں۔بعدازاں رکن رابطہ کمیٹی شاہد لطیف نے گلگت کی نومنتخب ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا۔اعلان کے مطابق ایم کیوایم گلگت زون کے انچارج محمد علی شاہ وکمیٹی کے دیگر ارا کین شامل ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی شاہد لطیف نے منتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اورانہیں تلقین کہ تحریک کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے خود کو نظریاتی طور پر پختہ کریں۔

## حب چوکی کے قریب بس اسٹاپ پر دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے، رابطہ کمیٹی

## دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے پبلک مقامات، درگاہ ومزارات اورسیکورٹی فورسز کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں

کراچی۔۔۔11 جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے حب چوکی کے قریب بس اسٹاپ پر بم دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس کے نتیجے میں ایک مسافر کی ہلاکت سمیت متعدد افراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے پبلک مقامات، درگاہ ومزارات اورسیکورٹی فورسز کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں جس میں اب تک متعدد معصوم وبیگناہ افراد ہلاک وزخمی ہوچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے بم دھماکے میں ہلاک ہونیوالے شخص کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورزخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ حب چوکی کے قریب بس اسٹاپ پر بم دھماکہ اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد ملک کو غیر مستحکم کرنا ہے۔رابطہ کمیٹی نے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اوراسے کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حب چوکی کے قریب بس اسٹاپ پر بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوردھماکے میں ملوث دہشت گردوں اوران کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## متحدہ سوشل فورم کے زیراہتمام شہنشاہ غزل مہدی حسن مرحوم کوخراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پروقار تقریب 14 جولائی کو ہوگی
## تقریب میں ملکی وبین الاقوامی شہرت یافتہ فنکار،گلوکار اور شوبز سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے

کراچی۔۔۔۔11 جولائی 2012ء

متحدہ سوشل فورم متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے زیراہتمام شہنشاہ غزل مہدی حسن مرحوم کی یاد اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے اتوار 14 جولائی کو سٹی آڈیٹوریم (شانزے) میں ایک پرّوقار تقریب کا انعقاد کیا جارہا ہے۔تقریب میں ملکی و بین الاقوامی شہرت یافتہ فنکار،گلوکار اور شوبز سے تعلق رکھنے والی نامور ہستیاں شرکت کرکے شہنشاہ غزل مہدی حسن مرحوم کی فنی خدمات پر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرینگے۔

## خیرپور کے قریب بس اور کار کے تصادم میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس
## زخمی افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا

لندن۔۔۔11 جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیرپور رسول آباد قومی شاہراہ پر سہون شریف سے صوبہ پنجاب جانے والے زئرین کی کار اور بس میں تصادم کے بعد آگ لگنے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے حادثہ میں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) جناب الطاف حسین نے حادثہ میں زخمی افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## شافع تھوبانی نے مائیکروسافٹ سرٹیفکیٹ حاصل کرکے قوم کا سرفخر سے بلند کردیا،رابطہ کمیٹی کی شافع تھوبانی کومبارکباد

کراچی۔۔۔۔11 جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی سے تعلق رکھنے والے 8 سالہ شافع تھوبانی کی دنیا میں سب سے کم عمر مائیکروسافٹ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے پر شافع تھوبانی سمیت ان کے اہلخانہ اور پوری پاکستانی قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ شافع تھوبانی نے پاکستانی قوم کا سرفخر سے بلند دیا ہے۔ایک تہنیتی بیان رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شافع تھوبانی نے صرف 8 سال کی عمر میں مائیکروسافٹ سٹرفکیٹ حاصل کرکے دنیا بھر میں ملک وقوم کا نام روشن کیا ہے جس پر ملک وقوم کو ان پر فخر ہے۔

## یوسف شاہوانی کی سربراہی میں ایم کیوایم کے وفد نے لعل شہباز قلندرؒ کے مزار کے باہر میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا
## وفد نے مزار پر حاضری، فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے چادر بھی چڑھائی

کراچی۔۔۔۔11 جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی کی سربراہی میں ایم کیوایم کے وفد نے لعل شہباز قلندرؒ کے مزار کے باہر میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے لگائے سہ روزہ طبّی کیمپ کا دورہ کیا اور زائرین کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا بغور جائزہ لیا۔انہوں نے زائرین کو طبّی سہولیات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار کیا اور کیمپ پر موجود ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان سے فرداًفرداً ملاقاتیں کیں اور انہیں جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔ایم کیوایم کے وفد میں حق پرست صوبائی وزیر بیر احمد،رکن سندھ اسمبلی محمد وسیم،متحدہ سوشل فورم کے رکن غلام علی شاہانی،ایم کیوایم جامشورو زون کے انچارج وارا کین کے علاوہ دیگر ذمہ داران وکارکنان شامل تھے۔قبل ازیں وفد نے لعل شہباز قلندرؒ کے مزار پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے ملک بقاء وسلامتی، دہشت گردی کے خاتمے،شہداء کی مغفرت،درجات کی بلندی،ایم کیوایم کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے بھی دعائیں کیں۔

☆☆☆☆☆